اندراج نمبر: 2-747

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ، ووٹ ڈالنے کے بعد ووٹر کے انگوٹھے پر ایک نشان لگادیا جاتا ہے، وہ سیاہی کا ہوتا ہے، اور دو تین دن تک نہیں جاتا۔ کیا اس سے وضوء ہوجائے گا؟ (سائل: روح الامین - کراچی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(الجواب حامداً ومصلیاً)

ووٹ ڈالتے وقت ووٹر کے انگوٹھے پر جو نشان لگادیا جاتا ہے، وہ سیاہی کا ہوتا ہے۔ اور چونکہ سیاہی جلد تک پانی کے پہونچنے سے مانع نہیں ہوتی کیونکہ اس کی کوئی تہہ نہیں جمتی، لہٰذا صورت مسئولہ میں اگر اس نشان کے ہوتے ہوئے وضو کرلیا جائے، تو وضو درست ہوجائے گا

لما جاء في الدر المختار:

(ولا يمنع) الطهارة (ونيم وحناء) ولو جرمه، لو يبقى (ودرن ووسخ) وكذا دهن ودسومة ... (و) لا يمنع ما على ظفر صباغ اهـ.

(كتاب الطهارة، مطلب في أبحاث الغسل: ٢/٣١٦، ط: مكتبة رشيدية)

وفي مجمع الأنهر:

ولو بقي العجين في الظفر فاغتسل لا يكفي، وفي الدرن والطين يكفي لأن الماء ينفذ، وكذا الصبغ والحناء اهـ.

(كتاب الطهارة: ١/٣٦، ط: دار الكتب العلمية، بيروت)

وفي النهر الفائق:

وعليه إزالة ما يمنع إيصال الماء إلى بدنه لا ما لا يمنع كتراب وطين على ظفر... واختلفا فيما على ظفر الصباغ والعفو عن أنه غير مانع.

(كتاب الطهارة: ١/٦١، ط: دار الكتب العلمية، بيروت)

جاری ہے...

Scanned by CamScanner

Date :

وفي البحر الرائق :

وكذا جلد السمك والوسخ والدرن لا يمنع، وقيل: والتراب والطين في الظفر لا يمنع، لأن الماء ينفذ فيه، وما على ظفر الصباغ يمنع، وقيل لا يمنع للضرورة. قالى في المضمرات: وعليه الفتوى.

(كتاب الطهارة : ١/٨٨، ط: دار الكتب العلمية، بيروت)

وكذا في غنية المتملي :

(كتاب الطهارة، فرائض الغسل : ٤٨، ط: مكتبة رشيدية)

وكذا في تبيين الحقائق :

(كتاب الطهارة : ١/٦٠، ط: دار أهل السنة).

وكذا في الهندية :

(كتاب الطهارة، الباب الثاني : ١/١٦، ط: قديمي كتب خانة)

وكذا في التاتارخانية :

(كتاب الطهارة، نوع آخر في بيان سننه وفرائضه : ١/٨٢، ط: دار الكتب)

(والله تعالى أعلم بالصواب)

عبد الله بن الجلالي

متخصص في الفقه وعلوم الحديث

بمعهد عثمان بن عفان رضي الله عنه

٢٠١٥/١٢/٢٧-٢٠١٥/١٢/٢٧ هـ ١٤٣٧/٠٣/١٥

الجواب صحيح

احسان الله شائق عفا الله عنه

دار الافتاء، معهد عثمان كراچي

٢٢ / ٣ / ١٤٣٧ هـ

الجواب صحيح

عبد الله حسن

١٤٣٧/٣/٢٣ هـ

الجواب صحيح

عبد الستار محمد نواز شائق

١٤٣٧/٤/٩ هـ

دار الافتاء

٢٢/٦

Scanned by CamScanner